اشتہار نیلام عام

بعدالت جناب محمد ابراہیم اصغر صاحب جج بینکنگ کورٹ بہاول پور

بسلسلہ درخواست اجراء نمبر 166/2022 دعویٰ نمبر 45/2021

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ
برانچ ڈونگہ بونگہ ضلع بہاول نگر

بنام

عبدالرحمٰن S/o سردار محمد قوم کھوکھر سکنہ شیر سنگھ P/o گلاب علی، ڈونگہ بونگہ ضلع بہاول نگر

کا فیصلہ بحکم عدالت ہذا مورخہ 04-07-2022 میں ہوا تھا اور اب درخواست اجراء متذکرہ بالا میں عدالت ہائے زیر آرڈر 21 رول 64 ضابطہ دیوانی دعویٰ مذکورہ کا زر ڈگری مبلغ -/14,67,403 روپے اور خرچہ مقدمہ و کاسٹ آف فنڈز از تاریخ نادہندگی 22-01-2021 (i) to (v) تا تاریخ مکمل ادائیگی صادر ہوئی جس کی وصولی کیلئے جائیداد مرقومہ مرہونہ مفصلہ ذیل کو بذریعہ نیلام عام فروخت کرنے کا حکم صادر کیا ہے۔

تفصیل جائیداد معہ حقوق و کفالات اور تشخیص مالیہ

رہن شدہ زرعی اراضی تعدادی 113 کنال 9 مرلے اندریں

Khata No	Khatooni No	Total Area	Legal Share	Area Per Share
26	144 to 153	482-13	1797/9653	89-17
41/42	172 to 178	113-00	327/2260	16-07
45		33-00	145/660	07-05

واقع موضع شیر سنگھ تحصیل و ضلع بہاولنگر

پروگرام نیلام

اگر التواء کا کوئی حکم موصول نہ ہوا تو بموجب ملک زمرد حسین ایڈووکیٹ / کورٹ کمشنر عدالت ہذا جائیداد متذکرہ بالا کا نیلام عام حسب ضابطہ مشتہری کے ساتھ **بمقام زیر موقع جائیداد مرہونہ** مورخہ 28-05-24 بروز منگل بوقت 12 بجے دن شروع کر کے منعقد کریگا تاہم اگر بولی ختم ہونے سے قبل مطلوبہ بالا زر ڈگری اور خرچہ نیلام ادا کر دیا جائے تو نیلام موقوف ہو جائیگا۔ خواہشمند عوام الناس کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ ذاتی طور پر یا اپنے بااختیار نمائندہ کے ذریعے نیلامی میں حصہ لیں تاہم مدیونان یا ان کی جانب سے کوئی بھی شخص بلا پیشگی اجازت عدالت بولی نہیں دے سکتا ورنہ بصورت دیگر ان کو کی گئی فروخت منسوخ تصور ہوگی۔

DATE OF PROCLAMATION 27-04-2024

مزید شرائط نیلام

آئندہ تاریخ پیشی 31-05-2024 تحریر: 17-04-2024

(1) نیلام مدیون کی جائیداد مذکورہ کا ہوگا جس کی نسبت ان کے حقوق و ملکیت جہاں تک عدالت کو دریافت ہو سکے بیان کئے گئے ہیں لیکن اشتہار ہذا میں کسی غلطی خلاف بیانی یا فروگذاشت کی عدالت ذمہ دار نہ ہوگی۔ (2) مبلغ -20,000 روپے بذریعہ ضمانت معہ نقل شناختی کارڈ نیلام کنندہ کے پاس جمع کرا کر بولی میں حصہ لیا جا سکے گا جو کہ بولی دہندگان کو بعد اختتام نیلام قابل واپسی ہوں گے جبکہ کامیاب خریدار یہ رقم زر نیلام کی ادائیگی میں محسوب کر سکے گا۔ (3) نیلام جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر ہوگا۔ (4) جائیداد متذکرہ بالا کی ریزرو پرائس = -/12,80,000 مقرر کی گئی ہے۔ (5) بولی بڑھانے کی رقم کا فیصلہ نیلام کنندہ کرے گا۔ (6) بولی کی رقم یا بولی دہندہ کی نسبت کوئی تنازعہ پیدا ہوا تو جائیداد کو فوری طور پر پھر سے نیلام کیا جائے گا۔ (7) سب سے زیادہ بولی دہندہ کو کامیاب خریدار قرار دیا جائے گا بشرطیکہ وہ قانوناً جائیداد زیر نیلام خریدنے کا مجاز ہو یا عدالت یا نیلام کنندہ آفیسر کی صوابدید ہوگی کہ وہ اگر تصور کریں کہ بولی واضح طور پر کم ہے اور جائیداد کا اس بولی پر فروخت کرنا مناسب نہ ہے تو وہ بولی کو نامنظور کر دیں۔ (8) یہ عدالت کی صوابدید ہے کہ وہ نیلام کو کسی دیگر مخصوص دن / وقت تک ملتوی کر دے نیز نیلام کنندہ مخصوص وجوہات تحریر میں لا کر نیلامی ملتوی کر سکتا ہے جس کیلئے اس پر احکامات آرڈر XXI رول 69 ضابطہ دیوانی کی پابندی ضروری ہے۔ (9) منقولہ جائیداد کا کامیاب خریدار نیلامی ختم ہونے پر فوری طور پر یا جس وقت اس کو نیلام کنندہ ہدایت کرے سالم زر نیلام جبکہ غیر منقولہ جائیداد کا کامیاب خریدار کل زر نیلام کا 25 فیصد حصہ نیلامی ختم ہونے پر اسی وقت افسر نیلام کنندہ کو ادا کرے گا عدم ادائیگی کی صورت میں جائیداد فوری طور پر دوبارہ نیلام کی جائیگی۔ (10) غیر منقولہ جائیداد کا کامیاب خریدار زر نیلام کا بقیہ 75 فیصد حصہ نیلامی کے روز سے پندرھویں دن تک عدالت برخاست ہونے سے قبل عدالت میں جمع کرائے گا تاہم اگر اس دن کوئی تعطیل ہو تو وہ یہ رقم عدالت دوبارہ کھلنے کے پہلے دن جمع کرا سکتا ہے۔ لیکن عدم ادائیگی کی صورت میں اشتہار کے از سر نو اجراء کے ذریعہ جائیداد کو دوبارہ نیلام کیا جائیگا بعد عدالت مناسب تصور کرے گی تو قاصر کامیاب خریدار کی جمع کردہ رقم بعد منہائی اخراجات دوبارہ نیلام بحق سرکار ضبط کر لے گی اور قاصر کامیاب خریدار کا جائیداد یا اس کے نیلام ثانی سے حاصل شدہ رقم یا اس کے کسی جزو پر کوئی حق نہ ہوگا۔ (11) قبضہ جائیداد عدالت کے کل سرٹیفکیٹ جاری کرنے پر حاصل کیا جا سکے گا جس کے ہر قسم کے اخراجات اور جائیداد سے متعلق جملہ بقایا جات سرکار بذمہ خریدار ہوں گے۔

نوٹ: جائیداد و اراضی بالا کا موقع ملاحظہ کیا جا سکتا ہے مزید کسی بھی وضاحت کیلئے عدالت ہذا یا کورٹ کمشنر ملک زمرد حسین سے رابطہ کیا جا سکتا ہے

PHONE NO.
0316-6910146

مشتہر ملک زمرد حسین چنڑ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ بہاول پور نزد مین کینٹین ہائی کورٹ بہاولپور